KANZUL MADARIS BOARD

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سرمہ لگانے کا سنت طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: نیا لباس پہننے کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "كان أحب الثياب إلى رسول الله ﷺ يلبسه الحبرة" مذکورہ حدیث کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ کس طرح کا جوتا استعمال فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 5: سفید لباس پہننے کو آقا علیہ السلام نے کیوں پسند فرمایا؟

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کا نقش کتنی سطر میں تھا اور کیا لکھا ہوا تھا؟

سوال نمبر 7: نبی کریم کی انگوٹھی کس صحابی سے گری تھی؟

سوال نمبر 8: عن أنس بن مالك "أن النبي ﷺ كان إذا دخل الخلاء نزع خاتمه" مذکورہ حدیث کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 9: کعبے کا غلاف کون پکڑے ہوئے تھا جس کو قتل کر دیا گیا؟ اس کا نام اور وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: عن أبي إسحاق "سأل رجل البراء بن عازب أكان وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل السيف قال لا بل مثل القمر" مذکورہ حدیث کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 11: حضرت صفیہ کا ولیمہ حضور ﷺ نے کس چیز سے کیا؟

سوال نمبر 12: حدیث کی روشنی میں کھانے سے قبل اور بعد کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: حدیث کی روشنی میں مرد اور عورت کو کون سی خوشبو لگانے کا حکم ہے؟

سوال نمبر 14: نبی کریم ﷺ ایک بات کو کتنی بار دہراتے اور کیوں؟

سوال نمبر 15: "ما كان ضحك رسول الله ﷺ الا تبسما" ضحک اور تبسم میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 16: حدیث کی روشنی میں سونے کا سنت طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: نبی کریم ﷺ مہینے میں کتنے اور کون سے دنوں میں روزہ رکھا کرتے تھے؟

سوال نمبر 18: نبی کریم ﷺ کا بستر مبارک کس چیز سے بُنا گیا تھا؟

سوال نمبر 19: نبی کریم ﷺ کی حیاء مبارک پر کوئی ایک حدیث عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: حدیث کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے آسمان پر کون سے نام ہیں؟ تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: نبی کریم کا جسم مبارک کیسا تھا؟ 10 سطروں پر نوٹ تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 2: حضور ﷺ کی قراءت قرآن پر کوئی تین احادیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: نبی کریم ﷺ نے کون سے کھانے تناول فرمائے اور آپ کا پسندیدہ سالن کون سا تھا؟

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ کے مزاح فرمانے پر کوئی سی تین احادیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: صاحب شمائل ترمذی کے حالات زندگی بیان کیجئے۔